## ڈائریکٹر گورنرز پروگرام ایسٹ اینڈ ویسٹ سینٹر شبیر چیمہ ہونولولو کے ہمراہ امریکن صحافیوں کے وفد نے نائن زیرو کا دورہ کیا

## خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل اور رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

## ایم کیوایم مغرب اور مشرق کے درمیان بہتر تعلقات کی خواہاں ہے، ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل کی وفد سے گفتگو

کراچی:۔۔۔2/اپریل،2012ء

ڈائریکٹر گورنرز پروگرام ایسٹ اینڈ ویسٹ سینٹر شبیر چیمہ ہونولولو کے ہمراہ امریکن صحافیوں کے ایک وفد نے پیر کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینرز ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل، رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، مصطفیٰ کمال، واسع جلیل اور طارق میر سے ملاقات کی۔اس موقع پر (Pildat) کے پروجیکٹ مینیجر (Mr.Jawdat Bilal) بھی انکے ہمراہ تھے۔امریکن صحافیوں کے وفد میں (Tara Bahrampour Washing Post)،(John Diaz San Francisco Chronicle)، (Jenna Fisher Of Christian Science Monitor)،(Larisa Epatlo Of PBS News Hour,Arlington) (Dan Boyce Of University Of Montana)،(Ann Hartman Of East-West Center)، (Terry Anzur Of Media Coach Center) شامل تھے۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، سماجی، معاشی اور اقتصادی صورتحال کے علاوہ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈاکٹر فاروق ستار اور محترمہ نسرین جلیل نے وفد کے ارکان کو کراچی اور سندھ کی سطح پر حق پرست منتخب نمائندوں کے ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور اس امر کا اظہار کیا کہ ایم کیوایم مغرب اور مشرق کے درمیان بہتر تعلقات کی خواہاں ہے۔رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینرز نے وفد کو بتایا کہ ایم کیوایم منظّم سیاسی جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے نوجوانوں کو ملک کے منتخب ایوانوں میں پہنچا کر ملک بھر کے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کی بنیاد رکھ دی ہے۔بعدازاں وفد کے ارکان نے نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کے منظّم اور فعال کام کی تعریف کی۔آخر میں وفد کے ارکان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی زندگی پر مبنی MY LIFE"S JOURNEYاور پکٹوریل بائیوگرافی پر مبنی کتابیں پیش کیں۔

☆☆☆☆☆